CAREERINDIA

**CCE RR**

# Code No. 66-U

## Subject : Third Language - URDU

**( New Syllabus )**

**( Regular Repeater )**

**عام ہدایات :**

i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی اور موضوعی قسم کے جملہ 46 سوالات ہیں۔

ii) ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

iii) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

iv) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

v) پنسل سے جواب نہ لکھیں۔ پنسل سے لکھے ہوئے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی۔

vi) کثیر انتخابی اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں جوابات کو کُھرچنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نا اہل سمجھا جائیگا۔

vii) درست اِملا اور خوشخطی کا خاص خیال رکھیں۔

viii) سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

ix) بائیں جانب کے حاشئے میں مہیا کردہ جگہ میں کچھ نہ لکھیں۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



## PART-A/حصّہ-الف

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : 10 × 1 = 10

1. ''شفیع الامم'' سے مراد کون ہیں ؟

2. ضلع کلبرگی کی اہم ندیاں کونسی ہیں ؟

3. مولانا محمد علی جوہؔر کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

4. ملا نصیر الدین کو گھر میں نہ پا کر عالم دوست نے کیا کہا ؟

5. پروفیسر راہؔی سے مصنف کی ملاقات کہاں ہوئی ؟

6. کس لئے ستاروں کی روشنی پھیکی پڑ گئی ؟

7. ''پیغام یکجہتی'' کس شاعر کی نظم ہے ؟

8. غزل کے لغوی معنی لکھئے۔

9. کسان کی عزت کہاں کہاں ہوتی ہے ؟

10. اکبرؔ الہٰ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی ؟

نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات دو تین جملوں میں لکھئے : 10 × 2 = 20

11. ریاستِ میسور کی تشکیل کب اور کس بنیاد پر ہوئی ؟

12. شعر و شاعری کے علاوہ عمر خیام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟

13. قدیم زمانے میں ''نانو اشیاء'' کا استعمال کہاں ہوتا تھا ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



14. مولانا محمد علی جوہؔر کے والدین کا نام لکھئے۔

15. صبح سویرے پروفیسر راہیؔ کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟

16. شاعر نے چاند کی تعریف کس طرح کی ہے ؟

17. ہمیں جذبات کے دھارے میں کیوں نہیں بہنا چاہیئے ؟

18. شاعر ساغؔر کرناٹکی کے مطابق خودغرضی کا آج کل کیا حال ہے ؟

19. ملک کی ترقی میں کسان کیا کردار ادا کر رہا ہے ؟

20. شاعر عطاؔ کلیانوی کے نزدیک ماحول ناساز کیوں ہے ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات تین چار جملوں میں تحریر کیجئے : 5 × 3 = 15

بحوالۂ متن جملوں کی تشریح کیجئے :

21. ''جاپانیوں کی ہر چیز چھوٹی ہوتی ہے۔سوائے کردار کے''

22. ''ہم اپنی ذات کو، اولاد کو اور جان و مال کو وطن پر نثار کر چکے ہیں۔''

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

23. ہماری طرف اب وہ کم دیکھتے ہیں
وہ نظریں نہیں جن کو ہم دیکھتے ہیں

24. جس دن سے چلا ہوں مری منزل پہ نظر ہے
آنکھوں نے کبھی مِیل کا پتھر نہیں دیکھا

www.careerindia.com

CAREERINDIA



25. ان میں سے کسی ایک شاعر یا مصنف کا تعارف لکھئے :

(i) کرشن چندر (ii) علامہ اقبالؔ

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 2 × 4 = 8

26. اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے ؟

یا

نظم ''پیغام یکجہتی'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

27. نصابی کتاب میں شامل ''حمد'' یا ''نعت'' کے کوئی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

## PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل جملہ مکمل یا نامکمل کے چار جوابات دیئے گئے ہیں سب سے زیادہ صحیح جواب منتخب کر کے مہیا کی گئی جگہ پر لکھئے:

12 × 1 = 12

28. ایسی نظم جس میں حضور اکرمؐ کی تعریف وتوصیف بیان کی گئی ہو۔ کہلاتی ہے

A) نعت B) حمد

C) غزل D) رباعی

29. لفظ ''قدیم'' کی ضد یہ ہے

A) فرید B) جدید

C) خرید D) نوید

30. وہ صنف ادب جسے ناظرین تک پہنچانے کے لئے اسٹیج درکار رہتا ہے۔

A) خاکہ B) سفرنامہ

C) مزاح D) ڈراما



www.careerindia.com

CAREERINDIA



31. وہ کلمہ جو خود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے

A) مستقل کلمہ
B) غیر مستقل کلمہ
C) لفظ
D) فعل

32. ’’نہ نہ ایسا مت کہو‘‘ اس جملے میں حروفِ تردید ہے۔

A) ایسا
B) مت
C) کہو
D) نہ

33. ’’غصہ ہونا‘‘ کے معنی دینے والا محاورہ ہے

A) پارہ چڑھنا
B) دل بجھ جانا
C) ہاتھ صاف کرنا
D) سڑکیں ناپنا

34. ان میں سے واحد لفظ ہے

A) دفاتر
B) جزائر
C) انتخاب
D) مراکز

35. مرکب جملے کی نشاندہی کیجئے

A) فردوس گا رہی ہے
B) مدثر لکھ رہا ہے
C) فیضان اچھا لڑکا ہے
D) ایان پڑھ رہا ہے اور ریحان کھیل رہا ہے

36. غیر متعلق صنفِ ادب علیحدہ کیجئے

A) چانداور شاعر
B) ملا نصیرالدین کے قصے
C) کسان
D) پیغام بھیجتی

www.careerindia.com

CAREERINDIA



37. لفظ ''قوی ہیکل'' کے معنی ہیں

A) بہت چھوٹا　　B) قوت والا

C) کمزور　　D) بہت بڑا

38. اِن میں سے لاحقہ لفظ ہے

A) بے حد　　B) باذوق

C) اُردودان　　D) ہم محلّہ

39. غزل کا آخری شعر کہلاتا ہے

A) مطلع　　B) مقطع

C) تخلص　　D) مصرعہ

## PART-C / حصّہ - ج

40. درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو زبان میں ترجمہ کیجیے : 3 × 1 = 3

i) Pandit Jawaharlal Nehru was a great leader.

ii) He was the first Prime Minister of India.

iii) His birthday is celebrated as Children's day.

41. اپنے میر مدرس کے نام ایک درخواست لکھیے جس میں کوئی وجہ بتلا کر دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

1 × 4 = 4

یا

والد محترم کے نام ایک خط لکھ کر اپنی پڑھائی کے متعلق جانکاری دیجئے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



42. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 4 = 4

(i) علم کی اہمیت

(ii) میرا پسندیدہ کھیل

درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر نیچے لکھے ہوئے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : 4 × 1 = 4

کتابیں ہماری زندگی کا ایک اہم حصہ ہیں۔ کہتے ہیں کہ کتابیں انسان کی تنہائی کے بہترین ساتھی ہیں۔ کتابوں کے مطالعہ سے نہ صرف ذہنی تھکاوٹ دور ہوتی ہے بلکہ اس سے ہماری معلومات میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ ایک رومن فلسفی کا قول ہے کہ ''آپ کے گھر میں ایک باغیچہ اور لائبریری موجود ہو تو یوں سمجھیں کہ آپ کی دنیا مکمل ہے۔'' لیکن موجودہ دور میں کتابیں پڑھنے کا رواج کم ہوتا جا رہا ہے۔ ہماری نوجوان نسل اپنا زیادہ تر وقت موبائیل فون اور انٹرنیٹ میں گزار رہی ہے۔ جس سے اُن کی زندگی کا قیمتی اور انمول وقت ضائع ہو رہا ہے۔

43. انسان کے بہترین ساتھی کون ہیں ؟

44. کتابوں کے مطالعہ سے ہمیں کیا حاصل ہوتا ہے ؟

45. رومن فلسفی کا قول کیا ہے ؟

46. ہماری نوجوان نسل اپنا زیادہ تر وقت کہاں گزار رہی ہے ؟

www.careerindia.com